سوال

(23) اکرام القرآن قرآن میں شامل نہیں ہوسکتی۔ توأم الانسان   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اکرام القرآن قرآن میں شامل نہیں ہوسکتی۔ توأم الانسان (حوا) انسان میں شامل نہیں ہوسکتی۔

اکرام القرآن قرآن میں ہے توأم الانسان بھی انسان ہے۔

اکراُم الانسان بھی انسان ہے توأم القرآن بھی قرآن ہے۔ تو قراءت سے منع کیا گیا ہے۔ لہذا فاتحہ سے بھی منع کیا گیا ہے۔ معلوم ہوا کہ فاتحہ کے بغیر نماز ہوجاتی ہے۔ (شیخ محمد یوسف ناظم اعلیٰ جمیعت اہل حدیث ہڑپہ شہر ضلع ساہیوال)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اُم القرآن قرآن کا حصہ ہے۔ مگر قرآن ہونے سے یہ لازم نہیں آتا۔ کہ امام کے پیچھے اس کو نہ پڑھا جائے۔ کیونکہ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔ اور حدیث میں فاتحہ قرآن کے ہر حصہ کا عوض بن سکتی ہے۔ مگر قرآن مجید کا کوئی حصہ فاتحہ کی جگہ بدل نہیں بن سکتا۔ لہذا فاتحہ کو قرآن مجید کے دوسرے حصے پر قیاس کرنا درست نہیں ہے۔ فاتحہ بے مثل سورة ہے۔ قرآن مجید کی دوسری صورتوں کی طرح نہیں ہے۔ واللہ اعلم (اخبار اہل حدیث الاعتصام جلد نمبر 28 ش 23-24)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 12 ص 123

محدث فتویٰ